سوال

(231) جزامی آدمی کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جزامی آدمی کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ جزامی نماز میں شامل ہوسکتا ہے۔ اور اس کو مسجد میں آنے سے روکا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جزام جسمانی بیماری ہے۔ شرعی عیب نہیں۔ اس لئے اس کی امامت بھی صحیح ہے۔ جماعت میں شرکت کرسکتا ہے۔ جبراً مسجد سے نہیں نکالا جائے۔ ہاں کسی شخص کو اس سے طبعی نفرت ہو تو بحکم فرمن المجذوم فرارک من الاسد (مجزوم سے ایسے بھاگو جیسے تیر سے بھاگتے ہو۔) ساتھ ملنے ملانے سے پرہیز کرے تو گناہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص431

محدث فتویٰ